
مُسلمان بچّوں کے صُبح وشام

3

# اسمبلی سے کلاس رُوم تک





دار السلام
DARUSSALAM



راشد بھائی

آرام سے اُترو! کہیں گر نہ جانا!

آمنہ نے سکول وین سے اُترتے ہوئے کہا۔




السلام علیکم!

عالیہ بہن، کیا حال ہے؟ آمنہ نے کہا۔

السلام علیکم!

زاہد بھائی، آپ کیسے ہیں؟ راشد نے پوچھا۔



# وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ! اللہ کا شکر ہے، میں ٹھیک ہوں۔

عالیہ نے بتایا۔

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ! میں خیریت سے ہوں۔

زاہد نے جواب دیا۔



زاہد بھائی

کل اُردو کا جو کام ملا تھا وہ آپ نے کرلیا ہے؟

راشد نے پوچھا۔




کل ہمارے ہاں مہمان آ گئے تھے۔ اُن کی وجہ سے گھر کے کاموں میں مصروف رہا۔ اس لیے ہوم ورک وقت پر نہیں کر سکا۔ چنانچہ صبح فجر کی نماز کے بعد مکمل کیا۔ زاہد نے جواب دیا۔




چلو!

جلدی چلو!

اسمبلی شروع ہونے والی ہے۔

عالیہ نے آمنہ سے کہا۔



پیارے بچو!

آپ جس طرح ترتیب کے ساتھ اسمبلی میں آتے اور جاتے ہیں۔

اسی طرح دن بھر دوسرے کاموں میں بھی ترتیب قائم کریں۔

پرنسپل صاحب نے اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔



سکول اسمبلی کے علاوہ تو ہم بس سٹاپ یا کسی اور جگہ قطار نہیں بناتے۔

زاہد نے کہا۔

قطار نہ بنانے کی وجہ سے ہی زیادہ وقت میں کم کام کر کے ہم ملک وقوم کا نقصان کرتے ہیں۔

راشد نے جواب دیا۔



میں آج سے سکول سے باہر بھی ہر کام سلیقے اور ترتیب سے کروں گا۔

زاہد نے راشد کے ساتھ کلاس روم میں داخل ہوتے ہوئے کہا۔


# رَبِّ زِدنِی عِلمًا

آج پہلا پیریڈ کس کا ہے؟

راشد نے پوچھا۔

پہلا پیریڈ اسلامیات کا ہے۔ جلدی سے کتاب نکال لو۔ اسلامیات کے اُستاد آنے والے ہیں۔

زاہد نے کہا۔




بچو!

آج آپ نے کون سا سبق سنانا ہے؟

اُستاد صاحب نے پوچھا۔

آج کا سبق ''والدین کی اطاعت'' ہے۔

شاہد نے بتایا۔




والدین کی اطاعت سے ہمیں کیا ملتا ہے؟

اُستاد صاحب نے بچوں سے پوچھا۔

ہمارے پیارے نبی ﷺ نے والدین کی اطاعت کا حکم دیا ہے

اللہ تعالیٰ اس سے خوش ہوتا ہے اور آخرت میں جنت ملتی ہے۔

راشد نے جواب دیا۔




شاباش راشد بیٹا!

کیا آپ سب اپنے والدین کی بات مانتے ہیں؟

اُستاد صاحب نے پوچھا۔

جی ہاں! سب بچوں نے ایک ساتھ جواب دیا۔



راشد بھائی

آج آپ بہت خوش نظر آرہے ہیں؟ آمنہ نے پوچھا۔

ہمارے اسلامیات کے اُستاد صاحب نے والدین کی اطاعت کے متعلق سوال کا درست جواب دینے پر مجھے خوب شاباش دی۔


اس لیے میں بہت خوش ہوں۔


راشد نے بتایا۔


سکول سے گھر تک......
اگلے حصہ میں


# مُسلمان بچّوں کے صُبح وشام کیسے ہونے چاہئیں......


## چھ حصّوں پر مشتمل خوبصورت سلسلہ






دارُالسّلام

کتاب وسُنّت کی اشاعت کا عالمی ادارہ

ریاض • جدہ • شارجہ • لاہور

لندن • ہیوسٹن • نیو یارک